© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### جامعہ کے سالانہ امتحانات اور نتائج

جامعہ کے شعبہ کتب کے سالانہ امتحانات 20 جون بروز بدھ کو شروع ہو کر 28 جون بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے اور شعبہ حفظ کے امتحانات 12 جون بروز منگل کو شروع ہو کر 13 جون بروز بدھ اختتام پذیر ہوئے۔

**شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء**

- ★ عبدالسلام بن صاحب جان — اول
- ★ روح اللہ بن ممتاز خان — دوم
- ★ ضیاء الدین بن عزیز احمد — سوم

**شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء**

- ★ محمد حسنین بن زمرد مجید — اول
- ★ محمد احمد بن شوکت حمید — دوم
- ★ عبدالحق بن عبدالرحمٰن — سوم

### موضع کوٹھڑا (تحصیل جہلم) میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام

مورخہ 28 اپریل بروز ہفتہ دن 2 بجے موضع کوٹھڑا جو کہ چک دولت کے قریب واقع ہے۔ وہاں پر دوسرا تبلیغی پروگرام منعقد ہوا جس میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مفصل خطاب کیا اور بعد میں سوال وجواب کی طویل نشست میں لوگوں کے سوالات کے مدلل جواب دیئے۔

مورخہ 12 مئی بروز ہفتہ موضع کوٹھڑا میں تیسرا تبلیغی پروگرام ہوا جس میں مولانا قطب شاہ نے ''رسول اللہ ﷺ کی اتباع'' کے موضوع پر درس دیا بعد ازاں رئیس الجامعہ نے شرکاء کے سوالوں کے جواب دیئے۔

مورخہ 20 مئی بروز اتوار دن 11 بجے موضع کوٹھڑا میں ہی ''سیرت النبی ﷺ'' کے موضوع پر چوتھا پروگرام زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ اس موقع پر مولانا قطب شاہ اور قاری قرآن مولانا خالد مجاہد خطیب پنوں کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نے سیرت کے موضوع پر مفصل خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

مورخہ 3 جون بروز اتوار بعد از نماز عصر موضع کوٹھڑا میں پانچواں جبکہ مورخہ 17 جون بروز اتوار بعد از نماز عصر چھٹا پروگرام ''توحید کی اہمیت'' کے موضوع پر ہوا جس میں مولانا قطب شاہ نے درس دیا۔

## جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلّہ نمبر 3 میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلّہ نمبر 3 میں مورخہ 15 مئی بروز منگل بعد نماز عشاء جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد ہوا جس کی صدارت رئیس الجامعہ نے کی اور اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری مہتاب الرحمٰن شاہ کی تلاوت سے ہوا اور قاری فداء الرحمٰن طیب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ جلسہ سے مولانا محمد داؤد صاحب گوجرانوالہ اور حضرت مولانا عبدالباسط شیخوپوری نے خطاب کیا۔ پروگرام کے اختتام پر حافظ عبدالرحمٰن شاکر نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ جلسہ تکمیل پذیر ہوا۔ آخر میں شرکاء جلسہ کی ضیافت کی گئی۔

## جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث دینہ میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 19 مئی بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث دینہ (کھوکھراں روڈ ہڈالی) میں تیسری عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری اقدس حسین متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا، اور قاری فداء الرحمٰن طیب نے حمد و نعت پیش کی، کانفرنس سے شیر پنجاب مولانا منظور احمد گوجرانوالہ، قاری عبدالرحمٰن شیخوپوری اور قاری خالد مجاہد خطیب چوکی نے خطاب کیا۔ کانفرنس میں دینہ کے علاوہ جہلم، ڈھوک صوبیدار، منگلا، چتر پڑی اور ڈومیلی کے علاوہ قرب و جوار سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث نوگراں میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 26 مئی بروز ہفتہ بعد نماز مغرب جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث نوگراں میں جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری اقدس حسین کی تلاوت سے ہوا۔ جلسہ سے واعظ شیریں بیان حضرت مولانا حافظ محمد اسحٰق اوکاڑوی نے سیرت النبی ﷺ پر مفصل خطاب کیا۔ جلسہ کے آخر میں مہمانوں کی ضیافت بھی کی گئی۔ جلسہ میں نوگراں کے علاوہ جہلم شہر، جہلم کینٹ اور خورد سے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔



© rasailojaraid.com